مستقبل کی تشکیل

Department of Education
GOVERNMENT OF WESTERN AUSTRALIA

چلیں آپ کے خدشات پر بات کرتے ہیں

ہمارے اسکول تمام طلباء کو ایک محفوظ، مشمولی اور دیکھ بھال کرنے والے سیکھنے کے ماحول میں معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ہم والدین اور نگہداشت فراہم کنندگان کے ساتھ اُن کے بچوں کی تعلیم میں شراکت دار کے طور پر مل کر کام کرنے کو اہمیت دیتے ہیں۔

آپ کے اور آپ کے اسکول کے درمیان تبادلۂ خیال آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی تعلیم کا ایک اہم حصہ ہے۔ آپ کو اس بارے میں مطمئن رہنا چاہیے کہ ہم آپ کے خدشات کو ضرور سنیں گے اور ان کا جواب دیں گے، اور جملہ شکایات کو حل کرنے کے لیے آپ کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

جیسے ہی کوئی خدشہ پیدا ہو فوری طور پر اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔ اپنے بچے/ اپنی بچی کے استاد، اس کے رابطہ کار، اسکول کی انتظامیہ یا پرنسپل سے بات کرنا ایک اچھی شروعات ہے۔ اپائنٹمنٹ کا بندوبست کرنے کے لیے اسکول سے رابطہ کریں یا اگر آپ ای میل، فون خط لکھنے کو ترجیح دیتے ہیں تو اس کے ذریعہ رابطہ کریں۔

اگر آپ ہمیں متعدد یا پیچیدہ مسائل کے بارے میں بتانا چاہتے ہیں تو آپ سے اپنے خدشات کو تحریر میں لانے کا کہا جا سکتا ہے۔

اپنے سکول کے پرنسپل سے بات کریں اگر:

- اگر آپ کو استاد یا اسٹاف ممبر کی طرف سے کوئی تسلّی بخش نتیجہ حاصل نہیں ہو رہا ہے
- یہ معاملہ کسی استاد یا اسٹاف ممبر کے برتاؤ کے بارے میں ہے
- یہ معاملہ کسی ایسی چیز سے متعلق ہے جو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی تعلیم کو متاثر کرتی ہے۔

اپنے اسکول کے علاقائی تعلیم کے دفتر سے بات کریں اگر:

- آپ کو لگتا ہے کہ اسکول نے آپ کے خدشات کو حل نہیں کیا ہے
- یہ معاملہ پرنسپل کے برتاؤ کے بارے میں ہے۔

آپ ہماری ویب سائٹ پر علاقائی تعلیم کے دفاتر کی ایک فہرست حاصل کر سکتے ہیں – education.wa.edu.au/contact

ایک گمنام شکایت کریں

آپ گمنام رہ کر بھی شکایت کر سکتے ہیں، تاہم، اگر ہم آپ سے آپ کی شکایت کی تفصیلات کے بارے میں بات نہیں کر پائے تو اس مسئلے کو حل کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔

سپورٹ تک رسائی حاصل کریں

بعض لوگوں کے لیے شکایت کرنا ایک پریشان کُن تجربہ ہو سکتا ہے۔ آپ 985 655 1800 پر شکایات سے متعلق مشورے کی لائن کو فون کر کے سپورٹ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ والدین کے رابطہ کار کا دفتر اسکولوں، علاقائی تعلیم کے دفاتر، مرکزی خدمات، والدین اور نگہداشت فراہم کنندگان، اور اسکول کمیونٹی کے ممبرز کے درمیان ایک رابطہ کار کی حیثیت سے کام کرکے سپورٹ فراہم کرسکتا ہے۔ آپ شکایت سے نمٹنے کے عمل کے دوران کسی بھی وقت مشورہ حاصل کرنے کے لیے والدین کے رابطہ کار کے دفتر سے بذریعہ ای میل رابطہ کر سکتے ہیں: parentliaison@education.wa.edu.au

شکایت کیسے کریں یا مزید معلومات کیسے حاصل کریں:

اپنے اسکول یا علاقائی تعلیم کے دفتر سے رابطہ کریں۔ رابطے کی تفصیلات یہاں تلاش کریں: education.wa.edu.au/schoolsonline

شکایات سے متعلق مشورے کی لائن پر فون کریں: 1800 655 985
پیر سے جمعہ صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک

شکایت کریں اور شکایات کے طریقہ کار کو سمجھیں: complaints/education.wa.edu.au

اگر آپ اپنی شکایت پر ہونے والی کارروائی سے خوش نہیں ہیں یا آپ کو لگتا ہے کہ اس کا نتیجہ غیر معقول ہے تو پھر آپ پورے عمل کے دوران کسی بھی مرحلے پر اومبڈزمین (Ombudsman) مغربی آسٹریلیا سے رابطہ کرکے ایک آزاد جائزہ کرانے کی درخواست کر سکتے ہیں - ombudsman.wa.gov.au

اگر آپ کے کوئی خدشات ہیں تو، اپنے بچے/ اپنی بچی کے استاد یا پرنسپل سے بات کرنا ایک اچھی شروعات ہے۔

CC BY